خوراک کے اعلیٰ معیار پر قائم رکھا جا سکتا ہے اور کثرت آبادی کا کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو گا"۔

مغرب اور غیر مسلم دنیا خاندانی منصوبہ بندی پر کیوں زور دیتی ہے؟ اس کا جواب ہمیں ۱۹۷۵ء کی ایک امریکی رپورٹ میں ملتا ہے۔ مذکورہ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ مسلم ممالک کی بڑھتی ہوئی آبادی اگلے ۲۵ سالوں میں امریکہ کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ ان ممالک کی سیاسی' معاشی اور اقتصادی و عسکری قوت میں اضافہ ہو گا تو ان ممالک سے نکلنے والا وہ خام مال آنا بند ہو جائے گا جس سے امریکہ و یورپ کے کارخانوں کی چمنیاں گرم ہوتی ہیں۔ لوگوں میں قدرتی وسائل کو اپنے قبضے میں رکھنے کا شعور پیدا ہو گا اور تیسری دنیا میں جو مراعات یافتہ طبقہ امریکی و یورپی مفادات کی رکھوالی کرتا ہے' اس کے خلاف نفرت باقاعدہ تحریکوں کی شکل اختیار کر لے گی (ص ۱۰)--- غالباً اس پس منظر میں مغرب ایک طرف تو خاندانی منصوبہ بندی کی مہم اور اپنے مؤثر ذرائع ابلاغ کے ذریعے مسلم خاندانی نظام کو برباد اور اخلاقی قدروں کو منہدم کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور دوسری طرف عربوں کے خلاف اسرائیل کی پشت پناہی اور پاکستان کے خلاف بھارت کو صف آرا کرنے کے لیے چال بازیوں میں مصروف ہے۔

خاندانی منصوبہ بندی کے پراپیگنڈے کے جواب میں' یہ ایک مفید اور مؤثر کاوش ہے (ر-ہ)۔

Economic Guidelines in the Qur'an. [معاشیات میں قرآن کی رہنمائی] ایس ایم حسن الزماں۔ ناشر: دی انٹرنیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک تھاٹ (IIIT) ۲۸' مین ڈبل روڈ' سیکٹر ایف / ۱۰-۲' اسلام آباد۔ صفحات: ۳۹۸۔ قیمت: درج نہیں۔

ایس ایم حسن الزماں نے آگرہ اور کراچی یونی ورسٹی سے معاشیات اور اسلامیات میں ایم اے اور ایڈن برگ یونی ورسٹی سے پی ایچ ڈی کیا۔ طویل عرصے تک سٹیٹ بنک آف پاکستان کے شعبہ اسلامی معاشیات کے سربراہ رہے' پھر اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن بھی رہے۔ (ان کی ایک کتاب پر تبصرہ ترجمان القرآن ستمبر ۱۹۹۸ء میں شائع ہوا)۔

زندگی کے مختلف شعبوں کی طرح معاشیات سے متعلق اصولی ہدایات بھی قرآن پاک میں جابجا موجود ہیں۔ اس ضمن میں ایک راہ کشا اور راہنما کام تو سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے کیا۔ ان کی کتاب قرآن کی معاشی تعلیمات نے آنے والے ادوار کے لیے علمی کام کی بنیاد رکھی۔ عرصے سے اس بات کی ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ معاشی حوالے سے قرآنی آیات اور احادیث کو موضوع وار مرتب کیا جائے۔

جناب محمد اکرم خاں صاحب نے معاشی موضوعات سے متعلق احادیث کا ایک مجموعہ مرتب کیا تھا' اب ڈاکٹر حسن الزماں صاحب نے قرآنی آیات کو معاشی موضوعات کے حوالے سے ترتیب دیا ہے۔ کتاب کو